

# کہاوتیں



ہر کہاوت کے پیچھے کوئی دلچسپ کہانی ہوتی ہے۔ کہاوت کے چند الفاظ وہ بات بیان کر دیتے ہیں جس کے لیے کئی صفحات کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ ہر کہاوت انسانی تجربے کا نچوڑ پیش کرتی ہے۔

بچو! اس سبق میں آپ دو کہاوتیں پڑھیں گے۔ "اَنگور کھٹّے ہیں" اور "بَندر بانٹ"۔

## اَنگور کھٹّے ہیں


(کوشش کے بعد جب کوئی چیز نہ مل سکے تو شرمندگی مٹانے کے لیے اس میں عیب نکالنا)

بعض جانور اپنی خُصوصیات کے لیے مشہور ہیں۔ مِثال کے طور پر شیر کی بہادری، گھوڑے کی وفاداری، لومڑی کی چالاکی، بندر کی ہوشیاری۔

ایک دن ایک لومڑی اپنی غذا کی تلاش میں نکلی۔ سارا دن گھومتی پھرتی رہی۔ کھانے کو کچھ نہ ملا۔ اسی تلاش میں وہ ایک باغ میں پہنچ گئی۔



© NCERT not to be republished



وہاں انگور کی بیل تھی۔ انگور کے رَس دار خوشے لٹک رہے تھے۔ لومڑی کے منہ میں پانی بھر آیا۔ اوپر کو منہ اُٹھا کر وہاں بیٹھ گئی۔ اُس نے سوچا یہ انگور تو مہینوں کے لیے کافی ہیں۔ آس پاس دیکھ کر وہ انگور کے ایک خوشے کی طرف اُچھلی مگر اس تک نہ پہنچ سکی۔ کہنے لگی عمدہ چیز آسانی سے ہاتھ کہاں آتی ہے۔ تھوڑی دیر بعد اُس نے رُخ بدل کر پھر چھلانگ لگائی۔ مگر منہ میں ایک بھی انگور نہیں آیا۔ اُس نے سوچا ہمّت نہیں ہارنی چاہیے۔ پھر اُس نے اپنے جسم میں پُھرتی پیدا کی اور لگاتار کئی چھلانگیں لگائیں۔ مگر انگوروں تک نہ پہنچ سکی اور بُری طرح تھک گئی آخر کار نڈھال ہو کر باغ سے باہر جانے لگی۔ جاتے جاتے اس نے انگوروں کو مُڑ کر دیکھا۔ اتنی دیر میں ایک دوسری لومڑی آ گئی اور کہنے لگی: ''بہن! کیوں چل دیں، انگور نہیں ملے؟'' لومڑی نے کہا: ''نہیں انگور تو بہت ہیں لیکن کھٹّے ہیں۔''

© NCERT not to be republished



# بَندر بانٹ

(کسی جھگڑے میں انصاف کرنے کے بہانے اپنا کام بنانا)

ایک دِن دو بھوکی بِلّیاں کسی گھر کے باورچی خانے میں داخل ہوئیں۔ کھانے کی تمام چیزیں اندر بند تھیں۔ اُنھیں کچھ کھانے کو نہ مِلا۔ ایک پلیٹ میں روٹی کا ٹکُڑا رہ گیا تھا۔ ایک بِلّی اُسے لے کر بھاگی۔ دوسری اُس کے پیچھے دوڑی۔ آخر دونوں میں جھگڑا ہونے لگا۔ روٹی کا ٹکُڑا دونوں کے بیچ رکھا ہُوا تھا۔ دونوں بلّیاں آنکھیں سُرخ اور بال کھڑے کیے ہوئے ایک دوسرے پر حملہ کرنے کو تیّار تھیں۔ ایک درخت پر بیٹھا ہوا بَندر اُن کی لڑائی دیکھ رہا



تھا۔ وہ خود روٹی پر قبضہ جمانے کی فِکر میں تھا۔ موقع دیکھ کر وہ نیچے اُترا۔ اُس نے کہا شُکر کرو کہ تمھیں لوگوں کے گھروں میں آسانی سے خوراک مِل جاتی ہے۔ ہم سے سبق سیکھو۔ ہم جنگل میں خوراک کے لیے کتنی محنت کرتے ہیں پھر بھی آپس میں نہیں لڑتے۔ اگر تم دونوں لڑتی رہیں تو کتّا آکر روٹی کھا جائے گا اور تم دونوں کو زخمی بھی کر سکتا ہے۔ بِلّیوں نے کچھ دیر سوچا اور بَندر سے کہا کہ بھیّا تم ہی اِنصاف کر دو۔



بَندر نے روٹی کے دو ٹکڑے کیے۔ تَرازو اُٹھا کر اُس کے دونوں پَلڑوں میں ایک ایک ٹُکڑا رکھا۔ دونوں کا وزن برابر نہ تھا۔ اُس نے بڑے ٹُکڑے کو دانت سے کُتر کر کھا لیا۔ دوبارہ وزن کیا تو اب دوسرا ٹُکڑا بھاری ہو گیا۔ اُس کو بھی اُس نے دانت سے کاٹ کر تھوڑا سا کھا لیا۔

یہی کام اُس نے کئی بار کیا اور بلّیاں اُس کی طرف تکتی رہیں کہ اِنصاف کب ہوگا۔ آخر میں ایک چھوٹا سا ٹُکڑا رہ گیا۔ اب بَندر بولا کہ اس کے کیا ریزے ریزے کروں۔ اس سے تمھارا کیا بھلا ہوگا۔ تمھاری نِیت کی خرابی نے پہلے ہی کام بِگاڑ دیا۔ میں نے دونوں ٹُکڑوں کا وزن برابر کرنے



میں کتنی محنت کی ہے۔ ترازو اُٹھائے اُٹھائے ہاتھ تھک گئے۔ چلو یہ ٹُکڑا ہی میری مزدوری دے دو۔ یہ کہہ کر بندر نے وہ ٹُکڑا بھی کھا لیا۔

## 1. لفظ اور معنی

دلچسپ : اچّھا لگنے والا، کوئی تماشا وغیرہ جس کے دیکھنے میں دِل لگے یا کوئی قِصّہ، کتاب وغیرہ جس کے پڑھنے میں دِل لگے۔

| | | |
|---|---|---|
| نچوڑ | : | نتیجہ، حاصل، خلاصہ |
| خوشے | : | گُچّھے |
| عمدہ | : | اچّھا |
| رُخ | : | چہرہ، سمت |
| نِڈھال | : | تھکا ہوا |
| سُرخ | : | لال |
| عیب | : | بُرائی، خرابی |

## 2. غور کیجیے

- آپ نے دو کہاوتوں کے بارے میں کہانیاں پڑھیں اور دیکھا کہ ایک کہاوت کے پیچھے پورا واقعہ یا کہانی ہوتی ہے۔ اسی طرح کچھ کہاوتیں اور اُن کے پیچھے موجود کہانیاں پڑھیے۔

## 3. سوچیے، بتایئے اور لکھیے

(الف) جس طرح شیر کی بہادری مشہور ہے، اُسی طرح گھوڑے کی کون سی خوبی مشہور ہے؟

(ب) لومڑی کو باغ میں کیا چیز نظر آئی؟

(ج) لومڑی نے اَنگور نہ کھانے کی کیا وجہ بتائی؟

(د) بَندر کہاں بیٹھا ہوا تھا اور کیا کر رہا تھا؟

(ہ) بِلّیوں کو روٹی کیوں نہیں ملی؟

© NCERT not to be republished

## 4. خالی جگہوں کو نیچے لکھے ہوئے صحیح الفاظ سے پورا کیجیے

قبضہ عمدہ غذا منہ اِنصاف نیت

(الف) ایک دن ایک لومڑی اپنی .......................... کی تلاش میں نِکلی۔

(ب) لومڑی کے .......................... میں پانی بھر آیا۔

(ج) لومڑی نے کہا .......................... چیز آسانی سے ہاتھ کہاں آتی ہے۔

(د) بندر خود روٹی پر .......................... جمانے کی فِکر میں تھا۔

(ہ) بِلّیوں نے کچھ دیر سوچا اور بندر سے کہا کہ بھیّا تم ہی ..........................کر دو۔

(و) تمھاری .......................... کی خرابی نے پہلے ہی کام بِگاڑ دیا۔

## 5. 'رَس دار' کے معنی ہیں رسیلا۔ یہ دو لفظوں 'رس' اور 'دار' کو ملا کر بنا ہے۔ آپ بھی دیے ہوئے لفظوں کے ساتھ ''دار'' لکھیے اور نئے لفظ بنائیے

چَوکی ................ سمجھ ................ اِیمان ................ چمک ................

وَفا ................ عِزّت ................ مال ................ مزے ................

## 6. پڑھیے، سمجھیے اور لکھیے

● پچھلے اسباق میں آپ 'اِسم' 'صِفت' اور 'فِعل' کی تعریف پڑھ چکے ہیں۔ ان کی روشنی میں اس سبق سے خانوں کے مطابق الفاظ تلاش کر کے لکھیے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِسم | | | | | | | |
| صِفت | | | | | | | |
| فِعل | | | | | | | |

© NCERT not to be republished

## 7. اِن لفظوں کے متضاد لکھیے

| بَہادر | وَفا | پانی | کھٹّے | اندر | بُری | چھوٹا | آسانی | عمدہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ......... | ......... | ......... | ......... | ......... | ......... | ......... | ......... | ......... |

## 8. نیچے دیے ہوئے جانوروں کی بولیوں کو ان کی تصویروں کے سامنے لکھیے


| | |
|---|---|
| کوئل | کوکو |
| بِلّی | میاؤں میاؤں |
| مُرغا | ککڑوں کوں |
| کُتّا | بھوں بھوں |
| کبوتر | غُٹرغُوں |
| گھوڑا | ہنہنانا |


.............

.............


.............

.............


.............

.............

© NCERT not to be republished

## 9. صحیح بیان پر (✓) کا اور غلط پر (×) کا نشان لگائیے

(الف) لومڑی اپنی بہادری کے لیے مشہور ہے۔ ☐

(ب) لومڑی نے انگوروں کو حاصل کرنے کے لیے کئی مرتبہ چھلانگ لگائی۔ ☐

(ج) لومڑی انگور کھانے میں کامیاب ہوگئی۔ ☐

(د) بِلّیوں کے بیچ لڑائی ہوئی۔ ☐

(ہ) بِلّیوں نے روٹی کا ٹکڑا کھا کر دوستی کر لی۔ ☐

## 10. اِن تصویروں کے بارے میں دو دو جملے لکھیے



..........................................................................

..........................................................................



..........................................................................

..........................................................................



..........................................................................

..........................................................................



..........................................................................

..........................................................................

© NCERT not to be republished

## 11. بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

چالبازی ............ ............ ............ ............ ............

گھومتی ............ ............ ............ ............ ............

چھلانگ ............ ............ ............ ............ ............

قبضہ ............ ............ ............ ............ ............

موقع ............ ............ ............ ............ ............

© NCERT not to be republished